خبر نامہ

ادارہ

ششماہی علوم القرآن کے زر تعاون میں اضافہ

ادارہ علوم القرآن کے ترجمان ششماہی علوم القرآن کی اشاعت ۱۹۸۵ء سے جاری ہے اس کے اجراء کا بنیادی مقصد قرآنی علوم و معارف کی اشاعت ہے۔ اسی لیے شروع ہی سے اس کا زر تعاون کم سے کم متعین کیا گیا تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس کے زر تعاون سے جمع ہونے والے وسائل اس کی طباعت کے اخراجات کے بھی متحمل نہیں ہوتے۔ الحمد اللہ اصحاب خیر کے خصوصی تعاون سے یہ کمی پوری ہوتی رہتی ہے۔ تاہم طباعت کے مسلسل بڑھتے ہوئے مصارف اور پوسٹل چارجز میں بتدریج اضافہ سے بعض اوقات زر تعاون میں اضافہ ناگزیر ہو جاتا ہے۔ انہی اسباب سے تقریباً دس سال بعد علوم القرآن کا سالانہ زر تعاون چالیس روپیے سے بڑھا کر ساٹھ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ اب ایک شمارہ کی قیمت تیس روپے ہو گی۔ یہ اضافہ اسی شمارہ سے نافذ العمل ہو گا ہمیں یقین ہے کہ قارئین کرام اسے بخوشی گوارا کریں گے اور قرآنی علوم کی اشاعت میں ادارہ علوم القرآن کو اپنا مخلصانہ تعاون بدستور دیتے رہیں گے (فجز اہم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء)

"قرآنی مقالات" کم قیمت پر دستیاب

۱۹۹۱ء میں ادارہ علوم القرآن نے دائرہ حمیدیہ (مدرستہ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڈھ) کے ترجمان ماہنامہ "الاصلاح" میں قرآن سے متعلق شایع شدہ مقالات کا مجموعہ "قرآنی مقالات" کے نام سے شایع کیا تھا۔ بحمد اللہ اس گراں قدر